سرخیاں

(۱) بی جے پی کے ایک وفد نے ریاستی گورنر سے مطالبہ کیا ہے بی آر ایس حکومت کے دوران پیش آئے ٹیلیفون ٹیپنگ معاملہ کی سی بی آئی کے ذریعہ تحقیقات کروائی جائے۔

(۲) کانگریس پارٹی کی جانب سے اب سے کچھ ہی دیر بعد ضلع رنگا ریڈی میں انتخابی مہم شروع کی جائے گی اور جن جاترا کے نام سے عوام جلسہ منعقد ہوگا۔

(۳) ریاست میں پانی کی قلت کے معاملہ پر کانگریس کو ذمہ دار ٹھہرائے جانے پر کانگریس پارٹی نے سابق وزیر اعلیٰ کے سی آر کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔

اور

(۴) ضلع ملگو کے قریب بین ریاستی سرحد پر جنگلات میں ہوئے انکاؤنٹر میں تین ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔

☆☆☆

بی جے پی نے آج حیدرآباد کے علاقہ نامپلی میں واقع اپنے ریاستی ہیڈ کوارٹر پر جوش وخروش کے ساتھ پارٹی کا یوم تاسیس منایا۔ اِس موقع پر مرکزی وزیر و ریاستی بی جے پی صدر کشن ریڈی نے پارٹی ورکرس کو مبارکباد دی اور نریندر مودی کی قیادت میں حاصل کئے گئے نشانوں کو اجاگر کیا۔ کشن ریڈی نے جن باتوں کو اجاگر کیا ان میں آرٹیکل 370 کی برخواستگی، ایودھیا میں رام مندر کی تعمیر اور مختلف فلاحی اسکیمات کا نفاذ شامل ہے، جن سے سماج کے کمزور طبقات کو اوپر اٹھانے میں مدد ملی ہے۔ کشن ریڈی نے نریندر مودی کی عالمی قیادت کی ستائش کی اور یہ یقین ظاہر کیا کہ عام انتخابات میں ''پھر ایک بار'' نعرے کے ساتھ این ڈی اے دوبارہ جیت حاصل کرے گی۔

☆☆☆

تلنگانہ کے اضلاع کھمم، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور گدوال میں مختلف علاقوں میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران گرمی کی لہر برقرار رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ سرسلہ، کریم نگر، پدا پلی، سدی پیٹ، بھونگیر، رنگا ریڈی، حیدرآباد اور ملکا جگری میں کل مختلف علاقوں میں توقع ہے کہ موسم گرم اور مرطوب رہے گا۔ اس کے علاوہ آئندہ چار دن کے دوران ریاست کے بیشتر اضلاع میں کہیں کہیں تیز ہوائیں چلنے کے علاوہ بونده باندی ہوسکتی ہے اور بجلیاں چمک سکتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اعظم ترین درجہ حرارت کل راما گنڈم میں درج کیا گیا جو 42.1 ڈگری سلسیس تھا۔

☆☆☆

ریاستی بی جے پی کے ایک وفد نے او بی سی قومی مورچہ کے صدر ڈاکٹر لکشمن کی زیر قیادت گورنر سی پی رادھا کرشنن سے مطالبہ کیا ہے کہ بی آر ایس حکومت کے دوران پیش آئے ٹیلی فون ٹیپنگ معاملہ کی سی بی آئی تحقیقات کرائی جائے۔ گورنر کو پیش کردہ ایک یادداشت میں بی جے پی لیڈر نے مبینہ ٹیلی فون ٹیپنگ معاملہ میں جاری تحقیقات کی تفصیلات پیش کی۔ گورنر کو سال 2014 تا سال 2023ء کے دوران بی آر ایس رٹی آر ایس حکومت کے دوران سیاسی حریفوں اور بعض شخصیتوں کے فون ٹیپ کرنے کی تفصیل بھی پیش کی گئی۔ وفد نے اس معاملہ پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور گورنر سے مطالبہ کیا کہ اس سلسلہ میں ایک رپورٹ حاصل کرتے ہوئے سی بی آئی کے ذریعہ تحقیقات کا آغاز کرایا جائے۔

☆☆☆

حیدرآباد میں واقع سالار جنگ میوزیم میں آج اسلامک کیلی گرافی پر مشتمل ایک خصوصی تصویری نمائش کا افتتاح عمل میں آیا۔ اِس نمائش میں 15 ویں صدی سے لے کر موجودہ دور تک اسلامی کیلی گرافی کے مختلف نمونے رکھے گئے ہیں۔ نمائش میں قدیم کوفی تحریر کے نمونے بھی رکھے گئے ہیں، جنہیں عام طور پر ایران اور عراق میں تحریر کے لئے استعمال میں لایا جاتا تھا۔ اِس کے علاوہ نستعلیق تحریر کے نمونے رکھے گئے ہیں جسے اب اردو اخبارات میں بہت زیادہ استعمال کیا جاتا ہے یہ نمائش اِس ماہ کی 16 تاریخ تک جاری رہے گی۔

☆☆☆

سلامتی دستوں کے ساتھ ہوئی ایک مڈبھیڑ میں تین ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔ بین ریاستی سرحد پر واقع تلنگانہ کے ضلع ملگو کے قریب ضلع بیجاپور کے علاقہ میں واقع جنگلات میں فائرنگ کا تبادلہ عمل میں آیا۔ گرے ہاؤنڈس کی ایک ٹیم جو تلنگانہ میں نکسلائٹس سے نمٹنے کے لئے خصوصی طور پر تیار کردہ ہے، خفیہ اطلاع ملنے پر جنگلات میں پہنچ گئی تھی۔ اس ٹیم اور ماؤنوازوں کے درمیان ہوئے مبینہ انکاؤنٹر کے نتیجہ میں تین نکسلائٹس مارے گئے۔ بعدازاں سیکوریٹی جوانوں نے تین مرد ماؤنوازوں کی نعشیں حاصل کیں، جن کے ساتھ ایک ہلکی مشین گن، ایک AK47 رائفل اور بڑے پیمانے پر اسلحہ وگولا بارود بھی ضبط کیا گیا۔

☆☆☆

تلنگانہ میں پانی کے بحران کے لئے کانگریس کو ذمہ دار قرار دئے جانے سے متعلق سابق وزیراعظم چندر شیکھر راؤ کے دعوے پر جوبا دیتے ہوئے وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے اس صورتحال کے لئے سابق بی آر ایس حکومت کو مورد ِالزام ٹھہرایا ہے۔ گاندھی بھون میں وزرا پونم پربھاکر اور کرشنا راؤ کے ساتھ آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے اتم کمار نے کہا کہ آندھراپردیش اور تلنگانہ کے درمیان کرشنا کا پانی تقسیم کرتے ہوئے ریاست کو بی آر ایس حکومت میں پانی کی بڑی مقدار سے محروم ہونا پڑا۔ آبپاشی کے لئے کالیشورم پراجکٹ کو استعمال نہ کرنے سے متعلق کانگریس پر عائد کردہ الزامات کو مسترد کرتے ہوئے اتم کمار ریڈی نے وضاحت کی کہ میڈی گڈہ بیریج کو ہوئے نقصان کی بنا پر نیشنل ڈیم سیفٹی اتھاریٹی نے اس ذخیرہ سے پانی حاصل کرنے کا سلسلہ روک دیا ہے۔ وزیر نے مزید کہا کہ جب تک کوئی سائنٹفک حل نہیں نکالا جاتا، کالیشورم پراجکٹ کارکرد نہیں ہوگا۔ اتم کمار نے اس بات پر بھی تحفظ کا اظہار کیا کہ سابق سی ایم کے سی آر کیوں کانگریسی لیڈرس کے خلاف اس طرح کی زبان استعمال کررہے ہیں۔

☆☆☆

اینٹی کرپشن بیورو کے عہدیداروں نے آج مادھوپور پولیس اسٹیشن کے ایک سب انسپکٹر کو ایک کانسٹیبل کے ساتھ 20 ہزار روپے بطور رشوت ایک شخص سے حاصل کرتے ہوئے گرفتار کرلیا۔ سب انسپکٹر رنجیت اور کانسٹیبل کم رائٹر وکرم نے ایک سرکاری کام کرنے کے لئے مذکورہ شخص سے رشوت طلب کی تھی۔ ایک شکایت پر اے سی بی کے عہدیداروں نے ان دونوں کو رنگ ہاتھوں گرفتار کرلیا۔

☆☆☆

بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا، سی بی آئی کی جانب سے پوچھ تاچھ تہاڑ جیل میں ان کا بیان قلمبند کرنے کے معاملہ میں مخالفت کرتے ہوئے آج دہلی کی ایک عدالت سے رجوع ہوئی ہیں۔ واضح رہے کہ کل عدالت نے سی بی آئی کو اِس بات کی اجازت دی تھی کہ کویتا سے جیل میں پوچھ تاچھ کی جائے۔ کویتا کے وکیل نتیش رانا نے عدالت کو بتایا کہ تحقیقاتی ایجنسی صورتحال کا غیر ضروری طور پر فائدہ حاصل کرنے کوشاں ہیں۔ سی بی آئی کے وکیل نے اِس معاملہ میں جواب دینے کے لئے وقت طلب کیا ہے۔ دونوں فریقین کے دلائل سننے کے بعد عدالت نے عبوری راحت دینے سے انکار کر دیا اور اس معاملہ کی اگلی سماعت 10 اپریل تک کے لئے ملتوی کر دی۔

☆☆☆

کانگریس پارٹی کی جانب سے اب سے کچھ ہی دیر بعد تلنگانہ سے عام انتخابات کے لئے انتخابی مہم شروع کی جائے گی اور شام میں رنگا ریڈی ضلع میں تو کوگوڑہ علاقہ میں جَن جاترا کے نام سے ایک عوام جلسہ منعقد کیا جائے گا۔ پردیش کانگریس کمیٹی نے اس سلسلہ میں تمام تر انتظامات کر لئے ہیں۔ اے آئی سی سی لیڈرس راہول گاندھی، پرینکا گاندھی اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے علاوہ دیگر وزرا اس موقع پر موجود رہیں گے۔